سوال

کیامٹی میں جراثیم ہے

جواب

مٹی سے تیمم کرنے کا حکم۔ ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ہم مٹی سے تیمم کرتے ہیں اور آج کل لیبارٹری ٹیسٹ نے ثابت کیا ہے۔ کہ مٹی میں جراثیم ہوتے ہیں توپوچھنا یہ ہے کہ کیا اس مٹی سے تیمم کرنا جائزہے۔ اور یہ ثابت کریں کہ کیا اس میں جراثیم ہے کہ نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، اَما بعد! شریعت کا ہر حکم حکمت اور دانائی پر مبنی ہے، قرآن مجید میں اللہ تعالی فرماتے ہیں۔ وَإِن كُنتُم مَّرضىٰ أَو عَلىٰ سَفَرٍ أَو جاءَ أَحَدٌ مِنكُم مِنَ الغائِطِ أَو لـٰمَستُمُ النِّساءَ فَلَم تَجِدوا ماءً فَتَيَمَّموا صَعيدًا طَيِّبًا فَامسَحوا بِوُجوهِكُم وَأَيديكُم مِنهُ المائدة، 6:5 ''اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت سے (فارغ ہو کر) آیا ہو یا تم نے عورتوں سے قربت (مجامعت) کی ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو (اندریں صورت) پاک مٹی سے تیمم کرلیا کرو۔ پس (تیمم یہ ہے کہ) اس (پاک مٹی) سے اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کر لو۔'' یہاں اللہ تعالی نے پاکیزہ مٹی سے تیمم کرنے کا حکم دیا ہے اور ہر وہ مٹی جس میں ظاہری نجاست نظر نہ آرہی ہو وہ پاکیزہ ہے اس سے تیمم کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ نبی کریم کا فرمان ہے کہ : وجعلت لی الارض طھورا ومسجدا (مسلم : 257) میرے لئے ساری زمین پاک کرنے والی اور مسجد (نماز پڑھنے کی جگہ) بنائی گئی ہے۔ شریعت کے اس صریح حکم کے آجانے کے بعد لیبارٹریوں کے یہ ٹیسٹ ہمارے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتے ہیں۔ ہاں یاد رہے کہ یہ ٹیسٹ شاید مٹی کھانے کے حوالے سے ہوں کہ مٹی کھانے سے بیماریوں کا خدشہ ہے تو اس اعتبار سے ہمیں ہر اس چیز کو کھانے سے اجتناب کرنا چاہیئے جو صحت کے لئے نقصان دہ ہو۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی